media release

6 نومبر 2018

## سٹارٹ اپ ویکینڈ کی تقریب نے برامپٹن میں کئی نئے ممکنہ کاروباروں کے لیے ترغیب پیدا کی ہے

برامپٹن، آن – گذشتہ ہفتے کے دوران 54 پرجوش اور پُرمغز گھنٹے گزارنے کے بعد، برامپٹن سٹی ہال میں آٹھ کاروباروں نے تصوّرات یا خیالات سے آگے بڑھ کر عملی شکل اختیار کی ہے۔

سٹی آف برامپٹن اور برامپٹن انٹرپرینیوئر سنٹر نے سٹارٹ اپ پیل کے ساتھ شراکت داری میں پیل ریجن انٹرنیٹ آف تھِنگز (IoT) ٹیک سٹارز گلوبل سٹارٹ اپ ویکینڈ 2018 کی 2 - 4 نومبر کو میزبانی کی، جس میں 100 سے زائد ڈیزائنرز، ڈویلپرز، مارکیٹرز اور انٹرپرینیوئرز نے شرکت کی – جن میں سے آدھے سے زیادہ کا تعلق برامپٹن سے تھا - خیالات شریک کرنے، ٹیمیں بنانے اور تکنیکی طور پر آغاز کرنے کے لیے جمع ہوئے۔

پورے پیل ریجن سے تعلق رکھنے والے چوبیس جدت پسند افراد نے ججز کے ایک پینل کے سامنے اپنے کاروباری خیالات کو پیش کر کے ویکینڈ کا آغاز کیا۔ ان میں سے آٹھ تصوّرات کو منتخب کیا گیا اور ویکینڈ کے دوران شرکاء، کوچز اور مشیران نے ان پر ہم آہنگی سے کام کیا، جس کا مقصد ابتدائی کاروباری تصوّرات کو منیمم وائیبل پراڈکٹس (MVP) اور خدمات میں تبدیل کرنا تھا۔

ویکینڈ کی بڑی شہ سرخی اس وقت تھی، جب آف سیٹ مارکیٹ ایکسچینج (OMX) کے بانی اور CBC کی *نیکسٹ جین ڈین* میں حالیہ ترین "ڈریگن" مشہور انٹرپرینیوئر نکول ورکنڈٹ (Nicole Verkindt) نے تصوّرات کو پیش کیے جانے کی رات کو جدت کی اہمیت کے بارے میں بات کی۔ ورکنڈٹ کے ساتھ فنانشل سروسز اگزیکٹو اور سٹارٹ اپس کے ایڈوائزر پریتی ملک، بانی اور فروغ کنندہ بریان لی اور پرپزفل سیلنگ کے بانی جین نکنس، ویکینڈ کے دوران پیدا ہونے والے کاروباری تصوّرات کا فیصلہ کرنے کے لیے شامل تھے۔

ہفتے کی رات کو، جیتنے والے تین کاروباری تصوّرات کو منتخب کیا گیا تھا۔ جیتنے والوں کو اپنے کاروبار کو شروع کرنے میں مدد کے لیے کل 10,000$ کے نقد انعامات، مختلف اشیاء کے پیکجز اور کاروبار کو شروع کرنے اور بڑھانے میں معاونت کے لیے خدمات، بشمول کاروباری کوچنگ، پرنٹ سروسز، ممبرشپس اور گفٹ کارڈز دیے گئے۔

**پہلا انعام: بیپ**
برامپٹن کے کئی رہائشی جیتنے والی اس ٹیم کے رکن تھے، جس نے ایک پوری طرح فعال سمارٹ الارم کلاک کا ایک بنیادی نمونہ بنایا تھا، جو IoT ٹیکنالوجی استعمال کرتی ہے۔ مقصد؟ سونے والے شخص کو جسمانی طور پر اٹھانا اور بستر سے نکالنا، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ ہر بار، وقت پر، پہلی ہی بار میں جاگ جائیں۔

اس ٹیم میں پارموبر بولا، پریا درشینی ساہا، جیکولین ٹرووِنگ، مکیتھ خان اور روم ریموس شامل تھے۔ مزے کی بات: اس پانچ رکنی ٹیم کے دو اراکین کی عمر 14 سال سے کم تھی۔

**دوسرا انعام:یُو ٹریک (Ü-track)**
طلب پر دستیاب ہونے والی خدمات کی شہرت کی بنیاد پر، یو ٹریک ایک اپلیکیشن ہے، جو عوامی نقل و حمل استعمال کرنے والوں کو نقل و حمل کو براہ راست ٹریک کرنے اور ٹرانزٹ کی معلومات کی موصول کرنے کے قابل بناتی ہے۔ اس میں مخصوص بسوں کا مقام اور گنجائش شامل ہے۔ اس ایپ کا مقصد نقل و حمل کے صارفین کو اپنے روزمرہ کے سفر کے حوالے سے زیادہ باخبر فیصلے کرنے کے قابل بنانا ہے۔

اس گروپ میں ابھے رندھاوا، آرایا آدھ، ایڈمنڈ لیم، جیکوب میکساونا اور نیتھن کولاس شامل تھے۔

**تیسرا انعام: StoAR**
ورچوئل اور آگمنٹڈ ریئیلیٹی کی شہرت کی بنیاد پر بننے والا، StoAR چھوٹے اور درمیانے سائز کے کاروباروں کے لیے اپنی مصنوعات کو آگمنٹڈ ریئیلٹی کے پلیٹ فارم سے دکھانے کے لیے ایک سادہ ٹول ہے۔ StoAR کو ایک ذاتی خریدار کے طور پر سمجھیں – یہ ایپ خریدار کو ورچوئلی کسی ریٹیل سٹور کے خانوں یا کسی ریسٹورنٹ کے مینو کو دیکھاتے ہوئے ان مصنوعات، جو وہ خریدنا چاہیں، کے

BRAMPTON Flower City
brampton.ca

**media release**

متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے آگمنٹڈ ریئیلٹی استعمال کرتی ہے۔

ٹیم کے اراکین میں مارٹینا سمنڈز، پرام ٹھاکر، کرس یوجیموٹو، کیتھرک رمیشکمار، شنگیتھن پرابھارن اور عماد علی شامل تھے۔

**اقتباسات**

"ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ اس سال برامپٹن میں بہت بڑی کامیابی لایا ہے۔ کئی انٹرپرینیوئرز کو اپنے کاروبار کو اگلے درجے پر لے کر جانے، کوچز اور مشیران کے ساتھ جڑنے اور نتیجتًا برامپٹن کی توانائی سے بھرپور انٹرپرینیوئرنل کمیونٹی کا حصہ بننے کی زبردست ترغیب ملی۔

- *کونسلر جیف بومین، اکنامک ڈیولپمنٹ چیئر*

"سٹارٹ اپ شروع کرنے کا سب سے مشکل مرحلہ ہی اس کو شروع کرنا ہوتا ہے۔ ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ ویکینڈز شرکاء کو اپنے کسی خیال کو MVP تک لے کر جانے کے لیے صنعتی رہنماؤں کی جانب سے ایک محفوظ جگہ، موقع اور تربیت فراہم کرتا ہے۔ کئی ایسی کمپنیاں، جو آج ہم استعمال کرتے ہیں، ان کا قیام ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ ویکینڈ میں ہوا۔"

- *میلونی کیمبیل، کمیونٹی رہنما، سٹارٹ اپ پیل*

30--

**ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ ویکینڈ کے بارے میں**
ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ ویکینڈ 54 گھنٹوں پر مشتمل ایک تقریب ہے، جس میں شرکاء ایک ویکینڈ میں اپنی کمپنی بنانا سیکھتے ہیں۔2007 سے، ٹیک سٹارز سٹارٹ اپ ویکینڈ 150 سے زیادہ ملکوں میں منعقد ہو چکا ہے، جس کے 200,000 سے زائد سابقہ ایلومنائی ہیں۔ شرکاء اپنی مصنوعات یا کاروباری تصوّرات کو اگلے درجے پر لے کر جاتے ہیں اور انٹرپرینیوئرز کے پوری دنیا پر پھیلے ایک نیٹ ورک میں شامل ہو جاتے ہیں۔

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
کرسٹین شرما
میڈیا ریلیشنز
سٹی آف برامپٹن
905.874.2880 | christine.sharma@brampton.ca